© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

★ **حضرت میاں سراج احمد دین پوری مدظلہ کو صدمہ:**

معروف روحانی شخصیت حضرت میاں سراج احمد دین پوری مدظلہ کی اہلیہ محترمہ اور خانقاہ دین پور شریف کے چشم و چراغ حضرت میاں مسعود احمد دین پوری دامت برکاتہم کی والدہ ماجدہ ۱۳ ؍ مئی ۲۰۰۸ء کو انتقال فرما گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی عابدہ اور زاہدہ خاتون تھیں۔ ان کی نمازِ جنازہ اُن کے فرزند حضرت میاں مسعود احمد دین پوری مدظلہ نے پڑھائی اور دین پور شریف کے معروف قبرستان میں آسودۂ خاک ہوئیں۔ حق تعالیٰ اپنی شان کے مطابق اُن کے درجات بلند فرمائے اور حسنات قبول فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ نیز پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

★ **مولانا سید عبدالوہاب شاہ صاحب رحمہ اللہ:**

دارالعلوم حاصل پور (ضلع بہاول پور) کے بانی و مہتمم مولانا سید عبدالوہاب شاہ صاحب نقشبندی سلسلے کے معروف بزرگ تھے۔ آپ سے بلا مبالغہ سیکڑوں لوگوں نے فیض حاصل کیا۔ ان کے عقائد و اعمال کی اصلاح ہوئی اور دین کے کام میں مشغول ہوگئے۔ پہلی بیعت حضرت ڈاکٹر عبدالحئی عارفی رحمہ اللہ سے تھی۔ اُن کے انتقال کے بعد حضرت مولانا غلام حبیب نقشبندی رحمہ اللہ سے بیعت ہوئے۔ ۱۳ ؍ مئی ۲۰۰۸ء کو ایک تبلیغی سفر میں ٹریفک کے حادثے میں اپنے تین ساتھیوں سمیت شہید ہوگئے۔ اللہ کا ایک صالح بندہ اللہ کے راستے میں سفر کرتا ہوا اللہ کے پاس چلا گیا۔ اللہ جل شانہ اُن کی مغفرت فرمائے اور ترقیٔ درجات کے انعام سے نوازے۔ (آمین)

★ **مولانا عبدالمجید انور رحمہ اللہ:**

جامعہ رشیدیہ اور جامعہ علوم شرعیہ ساہیوال کے سابق شیخ الحدیث مرکزی جامع مسجد راچڈیل (برطانیہ) کے خطیب استاذ العلماء حضرت مولانا عبدالمجید انور ۱۱ ؍ جون ۲۰۰۸ء بروز بدھ ساہیوال میں انتقال فرما گئے۔ وہ گزشتہ کئی ماہ سے علیل تھے اور ساہیوال میں مقیم تھے۔ عبداللطیف خالد چیمہ اور قاری محمد قاسم نے ان کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ نمازِ جنازہ میں دور ونزدیک سے علماء وصلحا اور مدارس عربیہ کے متعلقین اور حضرت مرحوم کے شاگردوں کی بہت بڑی تعداد شریک ہوئی۔ قائدِ احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری حضرت مرحوم کے شاگردوں میں ہیں۔ حضرت پیر جی ۱۷ ؍ جون کو چیچہ وطنی سے قاری محمد قاسم کے ہمراہ حضرت مرحوم کی تعزیت کے لیے ساہیوال تشریف لے گئے۔

★ **حاجی رشید احمد رحمہ اللہ:**

رائے پوری سلسلہ کے ممتاز بزرگ حضرت مولانا فضل احمد رائے پوری رحمتہ اللہ علیہ کے پوتے، حضرت مولانا مقبول احمد رحمہ اللہ کے فرزند اور مجاہدِ احرار، شہید ناموسِ صحابہ (رضی اللہ عنہم) حضرت پیر جی عبدالعلیم شہید رحمہ اللہ کے برادرِ نسبتی ہمارے بہت ہی مہربان اور ہم فکر بزرگ مدرسہ رحیمیہ اسلامیہ چک نمبر ۳۲۵، گ ب، ٹوبہ ٹیک سنگھ کے منتظم حاجی رشید احمد



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صاحب ۱۵؍ جون بروز اتوار انتقال فرما گئے۔ مرحوم کافی عرصے سے علیل تھے۔ مرحوم جہاد فی سبیل اللہ کی معاونت اور دفاع صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں ایک ممتاز و منفرد مقام کے حامل تھے اور نہایت علمی اور روحانی خاندان سے تعلق تھا۔ مرحوم کے دادا مولانا فضل احمد رحمہ اللہ حضرت مولانا حافظ صالح محمد رحمہ اللہ کے ماموں زاد تھے، جبکہ حضرت مولانا عبدالعزیز رائے پوری رحمہ اللہ (گیارہ چک والے) اور حضرت پیر جی عبداللطیف رائے پوری رحمہ اللہ مولانا صالح محمد کے فرزند تھے۔ ان کے پسماندگان میں بیوہ، دو بیٹے مولانا محمد اور محمد معاویہ اور چار بیٹیاں شامل ہیں۔ مجلس احرار اسلام کے ناظم اعلیٰ عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد قاسم، مولانا منظور احمد اور حافظ حبیب اللہ رشیدی نے ۱۶؍ جون پیر کو مرحوم کی نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔ نمازِ جنازہ میں علاقہ بھر سے علماء کرام، دینی مدارس کے اساتذہ و طلبہ اور عوام کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے ۱۸؍ جون کو چک نمبر ۳۳۵ گ ب، ٹوبہ ٹیک سنگھ میں حاجی رشید احمد رحمہ اللہ کے بیٹوں سے تعزیت کی۔

★ مجلس احرار اسلام چک نمبر ۱۰۰ گڑھا موڑ (ضلع وہاڑی) کے کارکن حافظ محمد امین کے بھائی محمد ارشاد مرحوم، انتقال: مئی ۲۰۰۸ء

★ ہمارے قدیم مہربان بابا نذر دین مرحوم (چک نمبر ۱۰۲، گڑھا موڑ میلسی) انتقال: ۲۹؍ اپریل ۲۰۰۸ء

★ حافظ عبدالعزیز مرحوم (چک نمبر ۱۰۲، گڑھا موڑ، میلسی) انتقال: ۴؍ مئی ۲۰۰۸ء

★ ماسٹر نثار احمد مرحوم، مجلس احرار اسلام کلورکوٹ (ضلع بھکر) کے مخلص کارکن، انتقال: ۲۶؍ مئی ۲۰۰۸ء

★ حافظ حبیب الرحمٰن سنجرانی مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن عزیز الرحمٰن سنجرانی کے بھائی انتقال: ۳۱؍ مئی ۲۰۰۸ء

★ خاکسار تحریک ملتان کے رہنما اللہ دتہ مرحوم کی اہلیہ مرحومہ اور محمد اشرف، محمد ارشد، اللہ وارث اور محمد افضل کی والدہ مرحومہ، انتقال: ۵؍ جون ۲۰۰۸ء

★ حاجی شاہ محمد خان بابڑ (ڈیرہ اسماعیل خان) انتقال: ۱۹؍ مئی ۲۰۰۸ء

★ والد مرحوم، محمد اشرف بجلی والا (چک ۱۰۰ گڑھا موڑ) ★ مجلس احرار اسلام گڑھا موڑ (میلسی) کے رہنما قاری گوہر علی کی سالی مرحومہ (چک ۸۸)

★ محمد الطاف چغتائی مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن جناب محمد بشیر چغتائی کے چھوٹے بھائی، انتقال: ۲۰؍ جون ۲۰۰۸ء

★ مجلس احرار اسلام کمالیہ کے ناظم محمد طیب کے قریبی عزیز ماسٹر محمد احمد مرحوم (۵؍ جون) اور اعجاز حسین مرحوم (۷؍ جون)

★ کمالیہ میں ہمارے رفیق فکر ماسٹر لطف اللہ درانی کی والدہ محترمہ، انتقال: ۸؍ جون، جناب عبداللطیف خالد چیمہ تعزیت کے لیے اُن کے گھر تشریف لے گئے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے نیز پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین) قارئین سے ایصالِ ثواب کے اہتمام اور دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

## دعائے صحت

★ عبدالکریم قمر (کمالیہ) کے چھوٹے بھائی سیف الدین ایک ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہو گئے۔ قائدِ احرار سید عطاء المہیمن بخاری ۱۸؍ جون کو عیادت کے لیے کمالیہ تشریف لے گئے۔

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com